علی ضلالۃ وقال اللہ تعالی وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيلِ الْمُؤْمِنِينَ
نُوَلِّهِ مَا تَوَلَّىٰ وَنُصْلِهِ جَهَنَّمَ وَسَاءَتْ مَصِيرًا یعنی
تحقیق اہل سنت والجماعۃ بعد قرون ثلثہ یا اربعہ کی متفرق ہوگئی اور
چار مذہبونکی اور نہین باقی رہا کوئی مذہب فروع مسائل مین سوای

ان مذاہب اربعہ کی پس تحقیق منعقد ہوا اجماع مرکب اوپر باطل ہونی اوس
قول کی جو مخالف ہو ان سب کی اور تحقیق فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نی نہین جمع ہوگی امت میری اوپر گمراہی کی اور فرمایا اللہ تعالی نی
اور جو شخص اتباع کری غیر سبیل مومنین کا تو متولی بنائنگی ہم اوسکو
اوس چیز کا جسکو دوست رکھا اوسنی اور داخل کرینگی اوسکو جہنم مین
اور بُری ہی بازگشت انتہی خلاصہ ترجمہ یعنی اب تمام امت محمدی صلی اللہ
علیہ کا طریقہ یہی مذاہب اربعہ قرار پای اور حدیث صحیح لا یجتمع
امتی علی الضلالۃ سی معلوم ہوا کہ راہ راست ہدایت یہی ہی اور سوا اسکی

ضلالت اور گمراہی اور مخالفت اسکی موجب دخول نار اور غضب الہی ہی
جو کوئی اس راہ ہدایت سی یعنی تقلید آئمہ اربعہ سی مخالف بات نکالیگا تو وہ
بات سبیل مومنین سی مخالف ہوگی اور قائل اوسکا بمجوای آیہ کریمہ و یتبع
غیر سبیل المؤمنین نوله ما تولی و نصله جہنم و ساءت مصیرا
کی گمراہ اور لائق دخول نار کی ہوگا اور اسیطرح طحطاوی شرح درمختار میں ہی
قال بعض المفسرین فعلیکم یا معشر المؤمنین باتباع الفرقة
الناجیة المسماة باهل السنة والجماعة فان نصرة الله
تعالی وتوفیقه فی موافقتهم وخذلانه وسخطه ومقته
فی مخالفتهم وهذه الطائفة الناجیة قد اجتمعت الیوم
فی المذاهب الاربعة هم الحنفیون والمالکیون ۳۶
والشافعیون والحنبلیون ومن کان خارجا من
هذه المذاهب الاربعة فی ذلك الزمان فهو من
اهل البدعة والنار یعنی لازم پکڑو تم ای گروہ مومنین
اتباع فرقہ ناجیہ کو جسکا نام اہل سنت والجماعت ہی اسواسطی کہ
مدد اللہ تعالی کی اور توفیق اوسکی اونکی موافقت اور تقلید میں ہی
اور رسوا کرنا اللہ تعالی کا اور غصہ اور غضب اوسکا اونکی مخالفت
اور چھوڑدینی اتباع اور تقلید اونکی کی ہی اور یہ فرقہ ناجیہ

یعنی نجات پانی والا صحیح ہو گیا ہی اجکی دن پچ ان مذاہب اربعہ کی
کہ وہ حنفی ہین اور مالکی اور شافعی اور حنبلی اور جو شخص کہ خارج ہو ان چار
مذاہب سی اس زمانہ مین تو وہ بدعتی ہی اور دوزخی قولہ اور جب نہین
تحقیق ہوتا مسئلہ حدیث سی تو رجوع کرتا ہون آثار صحابہ رضی اللہ
عنہم مین اور پوچھتا ہون علمای ماہر فن حدیث سی اور جب معلوم
ہو جاتا ہی آثار صحابہ سی تو ترک کرتا ہون تقلید امام موجب فرمانی
انحضرت صلعم کی کہ فرمانی تہی الخ اقول سابق مین ہم ثابت کر چکی
ساتہ نقل روایات کی علماء اور فقہاء حنفیہ سی کہ تحقیق مسئلہ کی حدیث
سی نہین ہو سکتی مگر مجتہد سی اگرچہ فی الجملہ ہو اور جو شخص ایسا ہو
کہ نہ حاصل ہو اوسکو مایہ کسی قسم اجتہاد کا تو اوس سی نکالنا کسی
مسئلہ کا آیت اور حدیث سی محال ہی ہرگز ہرگز نہین ہو سکتا
فضلا عن تحقیقہ اور جو حال مقلد صرف کی حق مین آیت و حدیث کا ہی وہی
حال آثار صحابہ کا ہی یعنی جبکہ استخراج مسائل آیت و حدیث سی
بغیر حصول ملکہ اجتہاد کی ممکن نہین اسیطرح استنباط احکام آثار صحابہ سی
بہی ممکن نہین اور علماء ماہر فن حدیث سے جنسے پوچہنا
اور اونکے تقلید کرنا اور اونکی بتلانی پر عمل کرنا اس زمانہ مین
واجب ہی موافق امر اللہ اور اللہ کی رسول کی وہ نہین ہین مگر

آئمہ اربعہ اور سوای ان چار اماموں کی اور کسیکا اتباع جائز نہین
بلکہ مخالفت انکی اور چھوڑ دینا انکی اتباع کا بدعت اور موجب دخول
نار کا ہی چنانچہ سابق مین مفصلاً معلوم ہو چکا کلام تحریر اور اشباہ
والنظائر اور تفسیر مظہری اور طحطاوی وغیرہ سی اور وہ جو دو حدیثین
مشکوۃ سی نقل کی ہین جسکا خلاصہ مضمون یہ ہی کہ اللہ کی نزدیک اختیار
کرنا رویہ اصحاب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نیک ہی اور بہتر اور قول
حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا جسکا حاصل یہ ہی کہ پیروی اصحاب کی کرو
صحیح ہی اور جواب اسکا سابق مین معلوم ہو چکا کہ پیروی کرنا صحابہ
کرام رضی اللہ عنہم کی نہین ہو سکتی مگر ساتھ سمجھنی کلام اونکی کی اور سمجھنا
اونکی کلام کا نہین ہو سکتا مگر ساتھ فہم تام اور مایہ اجتہاد اور قوت
استنباط اور ملکہ استخراج احکام اور تمیز صحت وسقم اور نسخ و تاویل
اور تخصیص عموم و تعمیم خصوص کی اور جو شخص کہ نہ حاصل ہوا اوسکو فہم تام
اور مایہ کچھ بھی تمام اجتہاد کا اور نہ تمیز کرسکتا ہو درمیان صحیح اور ضعیف
اور ناسخ و منسوخ اور ماول کی تو وہ شخص ہرگز نہین سمجھ سکتا کلام
صحابہ کرام کو اور نہین نکال سکتا حکم اونکی اقوال سی اور نہین حکم اوسکو
اشتغال کا ساتھ غوص کی اونکی اقوال مین کیونکہ عاجز ہی وہ اور عاجز
تکلیف ساقط ہی موجب فرمانی اللہ تعالی کی لا یکلف اللہ نفسا

الا و سمجھا اور نہین ہی شیوہ اوسکا مگر سوال کرنا عالم سی جو واقف
ہوا اونکی ماخذ سی اور پای جاتی ہون اوسمین یہ امور اور وہ نہین ہی
مگر مجتہد اور واجب ہی اوسپر اتباع کرنا اوسکا اور یہ اتباع کرنا اوس مجتہد کا حقیقت مین
اتباع صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ہی اونکی آثار مین عامی کی حق مین اور
کیونکر نہوگا اتباع اوسکا اتباع صحابہ رض کا اونکی آثار مین حالانکہ
اتباع کرنا مجتہد کا اتباع ہی سرور کائنات صلی اللہ علیہ و
سلم کا احادیث مین اور اطاعت اللہ تعالی کی اوسکی کتاب مین اور
اطاعت اللہ اور اللہ کی رسول کی منحصر ہی بیچ اطاعت مجتہد کی حق عامی مین
جو نہ استطاعت رکھتا ہے امور مذکورہ کی جیساکہ روایات منقولہ سابق سی
خوب واضح ہوگیا حاجت اعادہ کی نہین بلکہ غیر مجتہد کو ہرگز جائز
نہین کہ اتباع کری صحابہ کرام رض کا بلا واسطہ کسی مجتہد کی اونکی آثار ہی
جیساکہ نہین جایز ہی اوسکو عمل کرنا اوپر حدیث کی اور اتباع
آنحضرت صلعم کا سوافق فہم اپنی کی بالذات بغیر واسطہ کسی مجتہد کی
اور ہرچند کہ روایات مثبت وجوب تقلید معین یعنی ایک امام کی
ائمہ اربعہ مین ہی اور اجماع اوپر عدم جواز عمل کی سوای ان چار کی
جب ہم لکہ چکی تو اب حاجت اور روایت کی نہ ہی لیکن جیساکہ روایات
مصرحہ عدم جواز عمل بالحدیث کی حق غیر مجتہد مین عقد الجید وغیرہ سی

ہمنی لکہا اسیطرح چند روایتین عدم جواز عمل بالآثار یعنی صحابہ کرام کی اقوال پر
عمل کرنیکی ممانعت کی عوام کی حق مین مصرحا کلام اکابر حنفیہ اور شافعیہ سی
لکہتی ہین کہ جس طرح مقلدین کو مسائل اجتہادیہ غیر معلومہ مین طرف مجتہدین
کی رجوع کرنا اور اونسی سوال کرکی اونکا اتباع کرنا واجب ہی اجماعا اسیطرح
اجماع ہوا ہی علمای محققین کا اسبات پر کہ عوام مومنین کو تقلید کرنا صحابہ
کرام کی جائز نہین ممنوع ہی بلکہ واجب ہی انپر کہ تقلید کرین اون مجتہدین کی
جنہون نی مسائل کو منقح کرکی تدوین ابواب و فصول اور ترتیب فروع
و اصول کی ہی اور انہی اجماع پر مبنی کیا بعض متاخرین نی عدم جواز
تقلید غیر آئمہ اربعہ کو بجہت اسبات کی کہ ضبط مسائل اور تقلید اطلاقات
اور تخصیص عمومات وغیرہ جو ضروریات تقلید سی ہی سوای انکی اور
مجتہدین کی یہان نہین پایا جاتا تو اسوقت باجماع علماء امت محمدی
صلی اللہ علیہ وسلم واجب ہوی تقلید ایک کی ان چارون امامون سی اور
ممنوع ہوا عوام کو اتباع کرنا صحابہ کرام رض کا چنانچہ نقل کیا اس
اجماع کو علامہ محقق سید سمہودی شافعی نی ابن ہمام صاحب فتح القدیر سی
کہ وہ نقل کرتی ہین امام فخر الدین رازی سی رحمہ اللہ علیہ اور تصریح
اونکی یہ ہی قال محقق الحنفیۃ الکمال ابن الہمام رحمہ اللہ تعالے
نقل الامام ای الفخر الرازی رحمہ اللہ تعالی اجماع المحققین

على منع العوام من تقليد اعيان الصحابة بل يقلدون
من بعدهم الذين سبروا ووضعوا ودونوا وعلى
هذا ما ذكره بعض المتاخرين من منع تقليد
غير الاربعة لانضباط مذاهبهم وتقييد
مسائلهم وتخصيص عمومها ولم يدر مثله في غيرهم
لانقراض اتباعهم وهو صحيح انتهى یعنی کہا محقق حنفیہ ابن ہمام
رحمۃ اللہ تعالی نے کہ نقل کیا امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے اجماع
محققین کا اوپر منع کرنے عوام کی تقلید اعیان صحابہ رضی اللہ عنہم کی سے
۴۱ بلکہ واجب ہے انپر کہ تقلید کریں اون مجتہدین کی جو بعد صحابہ رض کے ہیں جنہوں نے
جمع کیا مسائل کو اور وضع کیا قواعد کو اور اصول کو اور تدوین کی ابواب
وفصول کی اور اسی پر مبنی ہے وہ جو ذکر کیا اوسکو بعض متاخرین نے
منع کرنے تقلید غیر آئمہ اربعہ کی سے بجہت منضبط ہونے مذاہب ان آئمہ
اربعہ کی اور تقیید اطلاقات اور تخصیص عمومات اونکی کی اور نہ پایا گیا
ایسا ہیچ مذہب غیر آئمہ اربعہ کی بسبب گذر جانے اتباع اونکی کی اور
صحیح ہے انتہی ترجمتہ اور مسلم الثبوت میں ہے اجمع المحققون على
منع العوام من تقليد الصحابة بل عليهم اتباع الذين
سبروا وبوبوا ونقحوا وجمعوا وفرقوا وعللوا وفصلوا

وعليه ابتنى ابن الصّلاح منع تقليد غير الاربعة
لان ذلك لم يدر في غيرهم يعنى اجماع كيا ہى محققين نے
اور منع كرنے عوام كى تقليد صحابہ سے بلكہ واجب ہى اوپر اونكى اتباع
اون لوگوں كا جنهون نے غور كيا ہى مسائل مين اور باب باب كو عليحده كيا
اور تنقيح كى اون مسائل كى اختلاط سے اور جمع كيا احكام كو ساتھ جامع كى
اور تفرقہ كيا ساتھ فارق كى اور علتين بيان كين اور تفصيل كى اور اسى
اجماع پر مبنى كيا ابن صلاح نے ممانعت تقليد غير آئمہ اربعہ كى اسواسطى كہ
اسوا آئمہ اربعہ كى اور كسى مذهب مين پايا نهين گيا انتهى ترجمتہ مع توضيح
اور صاحب مسلم نے اس مقام مين جو نيہ ما فيہ كركى شبہ كيطرف اشاره
كيا ہى اور منهيہ مين اوسكو كہولا ہى اور وه شبہ مدفوع ہى اصلا وارد نهين
ہوتا چنانچہ جواب اس شبہ كا ساتھ نقل روايات علماى ثقات كى بيچ ايک
شرح وبسط حضرت اوستادى سيد العلماء وسند الاولياء
حجة الله على العالمين وارث الانبياء والمرسلين محيى السنة
السنية مروج الشريعة البهية مسقط راس الفطانة
والذكاوة بانى ارباب التعمق الى عتبته السنية من كل
فج عميق وتتوجه اصحاب التدقيق الى سدته العلية
عن كل مرمى سحيق مويد الدين القويم كاشف الطريق المستقيم

اوستاد الکل ہادی السبل المشتہر اسمہ فی الاطراف
المعروف فضلہ فی الاکناف مرشدنا ومقتدانا
ملجانا وماوانا فی الدارین حضرت مولانا محمد ارشاد حسین
لا زال ظلال افاداتہ علی رؤس المسترشدین
فی کتاب ہدایت انتصاب انتصار الحق مین تحریر فرمایا ہی من شاء
فلیرجع الیہ ولیستفض منہ اور اس مختصر مین اوسکی تفصیل کی گنجایش نہین ہی
اور وہ حدیث جو مشکوۃ سی نقل کیا ہی جسکا حاصل یہ ہی کہ فرمایا حضرت رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ لازم پکڑو طریقہ میری اور طریقہ خلفاء راشدین کو اور مضبوط
پکڑی رہو اوسکو ساتہ دانتو نکی اور بچو تم نئی نئی باتون سی صحیح ہی مگر تحریر
سابق سی بخوبی واضح ہو چکا یہ امر کہ مضبوط پکڑنا طریقہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
اور آپکی اصحاب کا نہین ہو سکتا مگر ساتہ معلوم کرنی طریقہ اونکے کو اور
معرفت طریقہ اونکی کی موقوف ہی اوپر فہم کامل اور مایہ اجتہاد اور شرائط
تام اوسکی کی اور نہین ہی یہ مگر شان مجتہد کی اور عوام جنکو لیاقت
ان امور کی نہین اونکو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور اصحاب کی طریقہ اختیار
کرنیکا سوائی تقلید امام معین کی اور کوئی طریق ہی نہین اور وہ جو حاشیہ مین
کہا ہی بعد نقل اس حدیث کی کہ واجب جاننا تقلید معین مذہب واحد کا
نئی نئی باتون سی ہی صحابہ اور تابعین کی زمانی مین نہ تہا انتہی باطل ہے

۸۳
واجب جاننا تقلی...
مذہب واحد کا ہی...
باتون سی ہی صحابہ ا...
زمانہ مین نہ تہا اللہ تعا...
مسلمانو نکو صحابہ رض...
خصلت پر چلنا نصیب...
کری آمین فقط

ساتہ کہی وجونکی اول یہ کہ تقلید معین مذہب واحد کا واجب ہونا اور بعض مقلد
مجتہد کی نزدیک امام ابوحنیفہ رح کی ہدایہ اور فتح القدیر اور کلام ملا علی قاری
اور شاہ ولی اللہ صاحب کی سی عقد الجید اور رسالہ انصاف میں
اور وجوب تقلید مسلم الثبوت اور بدیع الاصول وغیرہ سی ہم نقل کر چکی پس
حرام کر واجب ہو باتفاق علماء دین اوسکو نئی باتون سی سمجہنا
ظن فاسد اور گمان کاسد ہی اور دخل دنیا اپنی رای کو دین کی باتون مین اور
متہم کرنا آئمہ دین کو دوسری وجہ یہ ہی کہ جب اجماع ہو گیا محققین امت
محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کا اوپر وجوب تقلید آئمہ اربعہ کی کہ مراد اوس سے بطلان
تلفیق کی کہ سمجہی اور امتثال اسکا واجب نہین ہو سکتا مگر ساتہ التزام ایک امام کی اتباع یعنی
تو بدعت کہنا اسکو اور نئی باتون سی گمان کرنا ضلالت اور گمراہی ہی ۴۴
اور خروج دین سی اسواسطی کہ اسمین نہ راضی ہونا ہی ساتہ حکم اللہ اور اللہ کے
رسول کے اور اعتراض کرنا ہے اوپر شارع کے نعوذ باللہ منہا اسواسطے
کہ اللہ تعالی تو فرماتا ہی وما آتاکم الرسول فخذوہ وما نہاکم
عنہ فانتہوا اور یتبع غیر سبیل المومنین نولہ ما تولی
ونصلہ جہنم اور حضرت صلعم فرماتی ہین لا تجتمع امتی علی الضلالۃ
اور اتبعوا السواد الاعظم اور یہ شخص منکر وجوب تقلید معین مذہب
واحد کا منکر اسکا ہی تیسری وجہ یہ ہی کہ مانا ہمنی کہ وجوب تقلید معین

نئی نئی باتون سی ہی یعنی اس بات کی کہ صحابہ اور تابعین کی زمانہ مین نہتا
مگر جو بات کہ صحابہ اور تابعین کی زمانہ مین ہوا اوسکا بدعت سیئہ
ہونا غیر مسلم ہی اسواسطی کہ اصطلاح شرع مین بدعت اوسکو کہتی ہین جو آنحضرت
صلعم کی زمانہ مین نہتا اور اوسکے دو قسمین ہین ایک وہ جو مخالف ہو
کتاب و سنت اور اجماع امت اور قواعد کلیہ دین کی اوسکو بدعت سیئہ
کہتی ہین اور مرتکب اسکا عرف شرع مین بدعتی کہلاتا ہی اور مستحق ذم کا
ہوتا ہی اور دوسری وہ جو کسی قاعدہ وجوب یا استحباب یا اباحت
کی نیچی مندرج ہو اور مخالف کتاب و سنت کی نہ پڑی اوسکو بدعت
حسنہ کہتی ہین اور کرنیوالا اوسکا اہل شرع کی نزدیک بدعتی نہے
اور نہ مستحق ذم کا علامہ ابن اثیر نی جامع الاصول مین محدثات

الامور مالم یکن معروفا فی کتاب ولا سنة ولا اجماع
الابتداع اذا کان من الله سبحانه وحده فهو اخراج
الشئ من العدم الی الوجود وهو تکوین الاشیاء ولیس
ذلك الا الی الله تعالی فاما الابتداع من المخلوقین
فانکان فی خلاف ما امر الله به ورسوله فهو فی
حیز الذم والانکار وانکان واقعا تحت عموم
ما ندب الله الیه وخصّ علیه او رسوله فهو

فی خیر للمدح وان لم یکن مثاله موجوداً کنوع من الجود
والسخاء وفعل المعروف فهذا فعل من الافعال المحمودة
لم یکن الفاعل قد سبق الیه ولا یجوز ان یکون ذلک
فی خلاف ما ورد به الشرع اور کہا شیخ عز الدین بن عبد السلام
فی آخر کتاب قواعد میں البدعة اما واجبة کتعلم النحو
المفهم لکتاب الله وسنة رسول الله صلی الله علیه وسلم
وکتدوین اصول الفقه والکلام فی الجرح والتعدیل
واما محرمة کمذهب الجبریة والقدریة والمرجیة
والمجسمة والرد علی هؤلاء من البدع الواجبة لان
حفظ الشریعة من هذه البدع فرض کفایة واما
مندوبة کاحداث الربط والمدارس وغیرهما
مما کان احداثه لم یعهد فی الصدر الاول انتهی
مختصراً بقدر الحاجة یعنی بدعت یا واجب ہی جیسی سیکھنا نحو کا
جس سی سمجھ میں آوی کتاب الله اور سنت رسول الله اور جیسی تدوین اصول
فقہ کی اور کلام جرح اور تعدیل میں یا حرام ہی جیسی مذہب جبریہ اور قدریہ اور مرجیہ
اور مجسمہ کا اور رد انپر بدعات واجبہ سی ہی اسواسطی کہ محافظت شریعت کی ان بدعات سی
فرض کفایہ ہی یا مستحب ہی جیسی مہمان سرای مدرسون وغیرہ کا بنانا اون امورسی

جو نتہا حضرت کی زمانی مین پس غور کرو کہ جب واجب ہونا نفس
تقلید کا بموجب آیہ کریمہ فاسئلوا اهل الذکر ان کنتم لا تعلمون
کی اور واجب ہونا تقلید آئمہ اربعہ کا اس زمانہ مین بفحوای اتبعوا السواد
الاعظم اور سبیل مومنین اجماع محققین سی اور واجب ہونا تقلید ایک امام
معین کا ان چار مین سی ساتہ اتفاق علماء دین اور آئمہ مجتہدین کی
ثابت ہوا تو اب اسکو بدعت ٹھہرانا اور نئی نئی باتون سی قرار دینا
سوای اسبات کی کہ چھوڑ دینا ہے سواد اعظم اور سبیل مومنین کا
اور مستحق ہونا ہی دخول نار کا بموجب ومن یشاقق الرسول الآیہ
۴۷ ویتبع غیر سبیل المؤمنین نولہ ما تولی ونصلہ جہنم
ومن شذ شذ فی النار کی اور کیا ہی جو تہی وجہ یہ ہے
کہ جو امر صحابہ اور تابعین کی زمانہ مین نہ تہا وہ اگر بدعت اور نئی نئی
باتون سی ہو تو خیریت قرن ثالث کی جو موجب فرمانی آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم خیر القرون قرنی ثم الذین یلونہم ثم الذین یلونہم
کی مشہود لہا بالخیر مین سی ہی اور لا تجتمع امتی علی الضلالۃ کی کیا معنی
ہونگی اسواسطی کہ اس تقدیر پر جو امور کہ زمانہ تبع تابعین مین اور باجماع
امت اور زمانہ مین امور دین سی ہونگی وہ بسبب نہونی زمانہ صحابہ اور
تابعین مین بدعت ہونگی اور نئی نئی باتون سی وہو کما تری فانہ مما لا یتفوہ بہ العاقل البالغ

اور اگر یہ کہا جاوی کہ جب حضرت نی شہادت دی اونکی خیریت اور ابتدائے
تو اگرچہ وہ امور مجمع علیہا اونکی زمانہ صحابہ اور تابعین مین نتھی مگر داخل
سنت ہونگی بموجب فرمان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تو ہم کہینگی یہی عین
ہمارا مدعا ہی اسواسطی کہ جب موافق فرمانی آنحضرت صلعم کی وہ امور
تبع تابعین اور مجمع علیہا امت مرحومہ کی خیر اور بہتر اور داخل سنت رسول اللہ
اور طریقہ خلفای راشدین ہوی گو یہ امور اونکی زمانہ مین نتھی تو یہ کہنا
باطل ہوا کہ جو امر صحابہ اور تابعین کی زمانی مین نہو وہ بدعت اور نئی نئی
باتون سی ہی کیونکہ مرجع اسکا اس تقدیر پہ یہ ہوا کہ جو امر خلاف قاعدہ
کلیہ دین کی ہو وہ بدعت ہی اور نئی نئی باتون سی ہی خواہ وہ کسی زمانہ مین
ہووے وہ امر جو خاص زمانہ صحابہ اور تابعین مین نتھا اور ہم بھی داخل
سنت اور طریقہ خلفاء راشدین نہین کہتی مگر اوس امر کو جو قاعدہ کلیہ
شرع کی نیچی داخل ہو خواہ کتاب اللہ یا سنت رسول اللہ یا اجماع اور قیاس سے
اور واجب ہونا تقلید امام معین کا داخل ہی بیچ قواعد کلیہ شرع کی
اور بیچ سنت اور طریقہ خلفاء راشدین کی مثل تعلیم نحو اور رد اوپر فرقہ
ضالہ کی جیسا کہ سابق مین مفصلاً مدللاً معلوم ہو چکا پانچوین وجہ یہ ہی
کہ کلام آئندہ مین خود اس قائل نی کہا ہی کہ اجتہاد ائمہ اربعہ کا ایسا
جانتا ہون جیسا اجتہاد اصحاب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ۴۸

اور یہ چارون امام بلکہ ساری مجتہد ہدایت پر اور ہماری پیشوا ہین اور اخیر
استفسار مین جو نظم لکھا ہے اوسمین کہتا ہی آئمہ مجتہدین کو کہ

جو مسائل کتاب و سنت سی	ہین نکالی اونہون نی فکرت سی
داخل سنت رسول ہین وہ	جان و دل سی ہمین قبول ہین وہ

پھر یہان اسکا یہ کہنا کہ جو بات صحابہ اور تابعین کی زمانہ مین نہو وہ
بدعت اور نئی نئی باتوسی ہی کیونکر صحیح ہوگا حالانکہ اجتہاد آئمہ مجتہدین کو
داخل سنت مانتا ہی اور جان و دل سی تسلیم اور قبول کرتا ہی اور حال یہ ہی
کہ اجتہاد آئمہ مجتہدین کا مطلقا زمانہ صحابہ اور تابعین مین نتھا اور اگر
یہ کہی کہ اجتہاد اور استنباط احکام کا حکم تو قرآن و حدیث سیے
ثابت ہی پس نئی نئی باتون سی نہوگا بخلاف تقلید معین کی تو ہم کہینگی
جس طرح حکم اجتہاد کا قرآن و حدیث سی ثابت ہے اسے طرح
تقلید امام معین کی بہی قرآن و حدیث سی ثابت ہی باتفاق آئمہ
مجتہدین اور اجماع امت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی جیساکہ سابق مین
روایات صریحہ معتبرہ فقہا حنفیہ سی ہم نقل کرچکی اور آگی کو اور بہی روایات
مصرحہ علماء معتبرین اور ثقات مجتہدین کی آتی ہین انشاء اللہ تعالی
چہٹی وجہ یہ ہی کہ اگر قائل کی نزدیک بدعت کی یہی معنی ہین کہ جو امر
صحابہ کرام اور تابعین عظام کی زمانہ مین نہو بغیر کسی قید زائد کی

تو ہم کہینگی کہ یہ قول قائل کا کہ واجب جاننا تقلید معین مذہب واحد کا بدعت ہے
اور نئی نئی باتون سی ہی بدعت ہی اور نئی نئی باتون سی اسلیئی کہ نہ تہا
یہ قول قائل کا زمانہ صحابہ اور تابعین مین پس خوب واضح ہوگیا یہ امر
کہ تقلید امام معین کی بدعت اور نئی نئی باتون سی ہرگز نہین بلکہ واجب
موکد ہی کیونکہ مدار معرفت شریعت اور اختیار سنت اور طریقہ اصحاب کا
اسی پر ہی اور بدعت کہنا اسکو اور نئی نئی باتون سی ٹھہرانا باطل ہی اور مخالف
حکم اللہ اور اللہ کی رسول کی اور چھوڑ دینا ہی سنت رسول اللہ اور طریقہ خلفاء
راشدین کا اللہ تعالی ہمکو اور سب مومنین کو راہ راست صراط مستقیم پر رکھی
اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اور خلفاء راشدین کی
طریقی پر مرتی دم تک چلنی کی توفیق بخشی آمین ثم آمین اور وہ جو کہا ہی
کہ یہ وقت فساد کا ہی اگر ایسی وقت مین تقلید شخصی کو ترک کرکی جو حدیثین
کہ جناب امام ابوحنیفہ رض کو نہ ملین یا اونکی وقت مین صحت کو نہ پہنچین
اوس پر عمل کریگا تو مصداق اس حدیث کا ہوگا کہ فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم فی اٰخر الخ کلام ہی بی معنی اسواسطی کہ وہ حدیثین جنکو
کہتا ہی کہ امام صاحب کو نہ ملین یا اونکی وقت مین صحت کو نہ پہنچین وہ دو
حال سی خالی نہین یا تو وہ احادیث احکام ہین یا احادیث احکام نہین
پس اگر وہ احادیث احکام نہین ہین تو انمین ہمارا کلام ہی نہین اسواسطی

کہ اونسی عمل متعلق ہوتا ہے اور اگر وہ احادیث احکام ہین تو اونکی نہ ملنی
اور صحت کو نہ پہنچنی کی کوئی معنی نہین اسواسطی کہ احاطہ نصوص واحادیث
احکام منجملہ شرائط اجتہاد سی ہی کما صرح فی عقد الجید اور اجتہاد امام صاحب
بلکہ ائمہ اربعہ اور اونکی سوا اکا بھی قائل کی نزدیک مسلم الثبوت ہی
جیساکہ عنقریب آتی ہی تصریح اسکی اوسکی عبارت سی پس یہ کیونکر
ہوسکتا ہی کہ احادیث احکام امام صاحب کو نہ ملی ہون اور صحت کو
نہ پہنچی ہون اور عجب بات ہی کہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ جنکی حق مین حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم لو کان العلم عند الثریا لبلغہ رجل من ابناء
فارس اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ جنکی سب الخلق کلہم عیال
ابیحنیفہ فی الفقہ فرماوین اور تمام عالم جنکی شمع اجتہاد سے
منور اور روشن اور امت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم اونکی فروغ ہدایت سی
صراط مستقیم کی چلنی والی ہو اور مشرق سی مغرب تک جنکی اجتہاد اور
تقلید کا سکہ جاری ہو اور جنکی تحقیق کی سامنی عالم کی مجتہد زانو ادب
نہ کرتی ہون اور باا ینہمہ قرون مشہود لہا بالخیر سی ہون بموجب
حدیث صحیح خیر القرون قرنی ثم الذین یلونہم ثم الذین یلونہم کے
اونکو تو وہ حدیث نہ ملی اور قائل کو یا اور کسی ناکس کو اس زمانہ مین سے
وہ حدیث ملی اور اوسکی نزدیک صحت کو پہنچی اور وہ اوسکی مرتبہ تحقیق کو

پالیوی باوجود ہونی اس زمانہ کی زمانہ فتنہ اور فساد اور غلبہ تہی
اور اتباع اہوا کے انصاف شرط ہے اور دیانت غور تو کرو زمانہ
سابق مین متبعین آئمہ مجتہدین سی بڑی بڑی متجر فی المذہب اور مجتہد
فی المسائل اور اصحاب ترجیح اتباع امام صاحب جیسی امام ابو یوسف اور
امام محمد اور امام زفر اور حسن بن زیاد وغیرہم اور بہی اتباع امام
شافعی وغیرہ سی گذری جنکو حاصل تہا مایہ تحقیق حدیث اور تمیز صحت و سقم
اور نسخ و تاویل انہون نی تو کبہی دعوی اس امر کا نہین کیا کہ ہمکو وہ حدیث
ملی جو امام کو نہین پہنچی تہی اور کبہی فتوی خلاف قول امام کی نہین دیا جیسا کہ
عنقریب آتا ہی نقلا عن شامی و لوالجیہ و حاوی قدسی وغیرہما اور جب کہ وقت
مجتہدین اصحاب امام ابو حنیفہ وغیرہ کا یہ حال ہو تو پہر اس حفاز ناس کا
کیا منہ ہی جو اس امر کا مدعی ہو استغفر اللہ چہوٹا منہ بڑی بات ہی اور جسطرح
اصحاب امام ابو حنیفہ سی انکار مخالفت منقول ہی اسیطرح اصحاب امام
مالک رحمہ سی منقول ہی کہ ایک بڑی تلمیذ خاص انکی یحیی بن یحیی جو جامع ہین
موطا انکی کی اور ممتاز ہین درمیان تلامذہ انکی کی ساتہ کثرت
ورع اور قوت اجتہادی کی اور باوصف اسبابات کی کہ اوس
زمانہ مین تقلید مجتہدین کی بحیثیت قرب زمانہ صحابہ کی بہت مروج
نہین ہوئی تہی ہرگز مخالفت امام مالک رح کی نہین کرتی تہی البتہ جہان

مسائل مین مخالف اونکی تھی تو تمامی علماء مغرب اونپر طعنہ کرتی تھی اور خلاف اونکی عمل کرنی کو عیب سمجھتی تھی چنانچہ مولانا شاہ عبد العزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ نی بستان المحدثین مین اسکو نقل کیا ہی اور جبکہ منحصر ہوا طریق اتباع سنت اور معرفت شریعت کا بیچ تقلید امام معین کی غیر مجتہد کیواسطی ثواب جو کوئی کہ اتباع کری ایک کا آئمہ مجتہدین مین سی اس زمانہ مین کہ زمانہ ہی فتنہ و فساد کا موافق فرمانی اللہ اور اللہ کی رسول کی اور صبر کری اوپر طعن لوگونکی اور نہ پرواہ کری اونکی ملامت کی تو پاویگا وہ ثواب سو شہیدونکا اور ہوگا مصداق حدیث **من تمسک بسنتی عند فساد امتی فله اجر مائة شهيد** کا **قوله** سائل عرض کرتا ہی کہ ان آیات و احادیث مذکورہ بالاسی جو تاکید اتباع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اور جو اخذ حدیث اور آثار صحابہ مین تہا معلوم ہو چکا اب اور سنو کہ کتاب مدخل مین ہی سند صحیح سی کہ روایت کی عبد اللہ بن مبارک نی کہ سنا مینی امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سی کہ کہتی تھے الخ اقول راقم الحروف کہتا ہی کہ بتصریح روایات مقبولہ منقولہ سابق سی جنکا ماخذ آیات و احادیث ہین واجب ہونا تقلید امام معین مذہب واحد کا ساتھ اتفاق علمای ثقات خصوصاً فقہاء حنفیہ کے اور انحصار وجوب اتباع آئمہ اربعہ کا اس زمانہ مین اجماع محققین

ونقل انه قال اذا ... الحديث فهو مذ...

امت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم اور تصریحات عدم جواز عمل بالحدیث والآثار
اور ممانعت تقلید صحابہ کرام حق عوام مین اجماعًا اور متبعین شریعت طالبین
راہ سنت صاحب انصاف دور از اعتساف کی خوب واضح ہو چکا اب
ہر چند کہ یہ نقول منقولہ اور اقوال مقبولہ متفق علیہا جیسا کہ امور مسئولہ سابقہ
سائل کی جواب شافی ہین اسیطرح اون عبارات و اقوال کی بہی جو نقل
کیے ہین جنسے استفسار تک جواب کافی اور وافی ہین بادنی توجہ
لیکن پہر بہی واسطے فہم عام اور رفع اوہام کی تنبیہًا اوسکی طرف اشارہ کرتی
ہین تو جاننا چاہیے کہ یہ فرمانا امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا کہ حدیث صحیح
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سر اور آنکہون پر ہی اور وہی مذہب میرا ہے ۵۴
اور اختیار کرینگی ہم آثار صحیحہ صحابہ کو اور ایسا ہی اور اماموں کا کہنا جیسا کہ
نقل کیا اوسکو سائل نے مدخل اور روضۃ العلما سے روایات مذکورۃ الصدر
امام کے منافی نہین اسواسطی کہ حکم جواز عمل بالحدیث اور اختیار آثار
صحابہ کا نہین کیا امام نے مگر بشرط تحقیق صحت کی اور تحقیق صحت و
سقم کی نہین ہے مگر شان مجتہد کی ولو فی البعض اسواسطی کہ حصول علم یا
ظن بالیقین ساتہ حکم مستنبط کے بغیر تحقیق صحت اور تعین تاویل
اور رفع نسخ اور عدم معارض کی نہین ہو سکتا اور یہ خاص ہے
ساتہ مجتہد کے باجماع امت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم اور نہین حاصل ہوسکتا

مقلد کو بلکہ منعقد ہوا ہے اجماع اوپر وجوب تقلید غیر مجتہد کی کما قال
المولوی فی الحاشیۃ علی الخیالی فثبت ان تحصیل الیقین
من الامارات خاص بالمجتہد لانعقاد الاجماع
بوجوب العمل فی حقہ بخلاف المقلد فان ظنہ
لا یفضی الی علم لعدم انعقاد الاجماع لوجوب العمل
فی حقہ بل انعقد علی خلافہ انتہی پس معلوم ہوا کہ یہ قول
امام صاحب کا اور اسیطرح اور ائمہ کا مطلقا ہر شخص کی حق مین
نہین ہی بلکہ خاص مجتہد کیواسطی ہے جیسا کہ بتصریح اسکی سید
سمہودی نی ناقلا عن الصیدلانی وکاد ابن حزم یدعی
الاجماع علی النہی عن التقلید مطلقا وحکی ذلک من
کلام الشافعی ومالک وغیرہما قال ولم یزل الشافعی
فی جمیع کتبہ ینہی عن تقلیدہ وتقلید غیرہ ہکذا
رواہ المزنی عنہ وقال الصیدلانی انما نہی الشافعی
عن التقلید لمن بلغ رتبۃ الاجتہاد فامامن قصر
عنہا فلیس لہ الا التقلید یعنی دعوی کیا ابن حزم نی اجماع کا
اوپر منع تقلید کی مطلقا اور منقول ہی یہ شافعی اور مالک
وغیرہما سی کہا ہمیشہ منع کرتی رہی شافعی رح اپنی سب کتابون مین

تصفیہ اپنی اور دوسرے کی سی اسطرح روایت کیا مزنی نی شافعی رح سے
اور کہا شیدلانی نی نہین منع کیا شافعی نی تقلید سی مگر واسطی
اوس شخص کی کہ پہنچا ہو رتبہ اجتہاد کو اور پر وہ جو نہ پہنچا ہو رتبہ اجتہاد کو
تو نہین ہی واسطی اوسکی مگر تقلید اور عنقریب آتی ہی اور تصریح اسکی کلام
شاہصاحب کی سی کہ حکم جواز عمل بالحدیث اور اخذ بالآثار کا نہین ہی مگر واسطی
مجتہد کی انشاء اللہ تعالی فانتظر پس جبکہ ہوا یہ قول امام کا مگر حق مجتہدین
تو جس شخص نی کہ عمل کیا حدیث پر یا آثار صحابہ پر باوجود نہ پہنچنی اوسکی کی
رتبہ اجتہاد کو اور بدون حاصل ہونی تمیز صحت وسقم اور نسخ وتاویل کی
تو وہ شخص نکل گیا مذہب امام سی کہ امام کا کہنا نہ مانا اور نہ نصیب ہوا
عمل بالحدیث سی بہی موافق اس قول کی اسلیی کہ جو طریق اوسکی حق مین
حضرت نی عمل بالحدیث کا فرمایا ہی کہ وہ اتباع کرنا ہی مجتہد کا اوس
طریق سی اوسنی اعراض کیا اور امتثال عمل بالحدیث کا ساتہ اوس طریق کی کیا
نہ وہ شخص کہ جسنی نہ عمل کیا حدیث اور آثار صحابہ پر موافق اپنی رای اور فہم کی
تا حصول ملکہ اجتہاد اور تمیز صحت وسقم کی بلکہ اتباع کیا اوسنی مجتہد کا
اوس سی سوال کرکی پس ساقط ہو گیا اس تحقیق سی وہ قول بہی جو کہا ہے
حاشیہ مین کہ حضرت کی حدیث پر عمل کرنی کی واسطی سند پکڑنا حضرت ابو حنیفہ
یا اور کسی بزرگ کی قول کو اولٹا معاملہ ہی اور نہایت ہی بیجا ہی کیونکہ کسیکی

تقلید کی واسطی سند اور اجازت چاہیی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے
نہ حضرت کی اتباع کی واسطی اجازت کسی اور بزرگ کی کیونکہ تمام اُن
رسو اسطی کہ حضرت کی حدیث پر عمل کرنی کی واسطی امام ابوحنیفہ یا اور کسی
بزرگ کی سند نہ پکڑنا کام ہی مجتہد کا اور وہی مامور ہی ساتہ اس
امر کی نہ مقلد صرف اور حضرت ابوحنیفہ رحمہ اللہ علیہ یا اور کسی بزرگ کے
اتباع اور تقلید کی واجب ہونی کی واسطی اور بالذات بلا واسطہ کسی
مجتہد کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اور تقلید صحابہ کی ممانعت کی لیی
عوام کی حق مین بجہت عذر کی تو سند اللہ اور اللہ کی رسول کا کلام ہی
اور اجازت کہ واجب کیا اللہ جل شانہ نی بموجب فاسئلوا اہل الذکر
ان کنتم لا تعلمون و اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول و اولی
الامر منکم کی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی ساتہ امر اتبعوا
السواد الاعظم و لا یجتمع امتی علی الضلالۃ کی چنانچہ باب مین
اسکی تفصیل معلوم ہو چکی اور وہ جو صاحب مقامات مظہری نی کہا ہی
کہ کسینی علماء امت سی احاطہ جمیع احادیث کا نہین کیا ہی مراد اس سی
عام ہی احادیث مستفیضہ احکام ضروریہ کی ہون یا سوا اسکی اسواسطی
کہ نصوص احادیث احکام ضروریہ شرائط اجتہاد سی ہی احاطہ انکا ہر مجتہد مین
صحابہ سی ہو یا ائمہ مجتہدین سی ضروری ہی کہا سبق تحقیقہ اور بیشک افراد

ست پیغمبر کا ہی اتباع واجب ہی مگر بسبب اس بات کی کہ سمجھنا اوسکی
کلام کا اور نکالنا احکام کا اوس سی ہر ایک کا کام نہین ہی غیر مجتہد کو
حکم وجوب اتباع آئمہ کا کیا گیا اور اسپر اجماع منعقد ہوا اور بسبب
غلبہ تشہی اور اتباع اہوا اور لزوم استخفاف آئمہ مجتہدین او تلاعب
فی الدین کی ایک کی تقلید واجب ہوئی اور تقلید امام معین سی عدم اتباع
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اور ترک عمل بالحدیث نہین لازم آتا اور اسکی
طرف اشارہ کیا صاحب مقامات مظہری نی رسالہ اس قول کی وہر کہ
میگوید عمل بالحدیث از مذہب امام برمی آرد اگر برہانی برین دعوی دارد
بیارد یعنی جو شخص کہتا ہی کہ حدیث پر عمل کرنا مذہب امام سی خارج کردیتا ہے
اور مذہب امام مین عمل بالحدیث نہین ہی دعوی بلا برہان ہی اگر
کوئی دلیل رکھتا ہو لاوی اسواسطی کہ مقلد امام دو حال سی خالی نہین یا مجتہد
فی الجملہ ہوگا یا مقلد صرف اگر مجتہد فی الجملہ ہی تو اوسکا عامل بالحدیث ہونا
ظاہر ہی کہ امام صاحب نی اوس مسئلہ خاص مین اپنی تقلید اوسپر واجب نہین
کی اور اگر مقلد صرف ہی تو اس صورت مین جو عمل بالحدیث کی معنی اوسکی حق مین
وہ صادق ہین یعنی عمل کرنا پوچھکر کسی مجتہد سے حکم رسول اللہ صلعم کا اور وہ بیان
متحقق ہی البتہ اگر مقلد صرف نی عمل کیا اوپر حدیث کی موافق مجرد فہم
اور رای اپنی کی کہ نہین ہی اعتبار اسکی فہم کا عند الشرع تو یہ عمل بالحدیث

خارج کردیگا اوسکو مذہب امام سے اسواسطی کہ امام کی نزدیک واجب تھا
اوسپر عمل کرنا اوپر قول امام کی موافق حکم اللہ تعالی کی اور یہی خارج کردیگا
اوسکو عمل بالحدیث سی اسلیے کہ نہتا اسکو حکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ
عمل بالحدیث کی مگر یہ جہکر مجتہد سی اور جبکہ چھوڑ دیا اسنی قول رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کو ساتھ ترک کرنی قول امام کی تو محروم ہوا عمل بالحدیث سی اور نکل گیا
مذہب امام سے اور مرتکب ہوا امر محرم کا اسواسطی کہ ترک واجب کا حرام
ہی اور اسیطرح کلام مولانا شاہ عبد العزیز صاحب کا جسکو سائل نی نقل کیا ہی
تفسیر عزیزی اور بستان المحدثین سی جسکا حاصل یہ ہی کہ عالم پر فرض ہی
کہ موافق اپنی علم کی عمل کری اور عامی پر فرض ہی کہ تقلید اور ظن پر اکتفا
نکری بلکہ تحصیل یقین کا ارادہ کری اور حال دوسری صدی کا کہ اوس
زمانہ میں تقلید ساتھ ایک مذہب کی رایج نہتی انہی موافق ہی تحقیق
سابق کی اسواسطی کہ مراد عالم سی مجتہد ہی ولو فی الجملہ اور بیشک فرض ہی
اوسپر عمل کرنا موافق فہم اپنی کی کما نقلنا سابقا علیہ الاجماع من کلام
المولوی وغیرہ اور بلاشبہ عامی پر واجب ہی قصد تحصیل یقین کا مگر ساتھ
تقلید ایک مذہب معین کی یہانتک کہ پہنچی مرتبہ اجتہاد کو اور رہا کلام مولانا
شاہ ولی اللہ صاحب کی سی جو عقد الجید میں ہی لکہ چکی کہ مائۃ اولی اور ثانیہ
میں تقلید شخصی واجب نہتی اور بعد مائتین کی اختیار کرنا تقلید ایک

مذہب خاص کا واجب ہوا اور مولانا شاہ عبد العزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ خود
جواب سوالات عشرہ مین فرماتی ہین کہ عمل کرنا مذہب غیر پر تین صورتون مین
جائز ہین ایک تو یہ کہ دلائل کتاب و سنت اوسکی نظر مین مسئلہ مذہب شافعی
کو ترجیح دی تو دوسری یہ کہ کسی تنگی مین مبتلا ہو کہ بدون اتباع مذہب
شافعی کی چارہ ہی نہو تیسری یہ کہ کوئی شخص متقی ہوا اور اوسکو عمل مین
احتیاط منظور ہوا اور احتیاط مذہب شافعی مین پاوی اور ان تینون
صورتون مین بھی یہ شرط ہی کہ تلفیق مین مبتلا نہو جاوی یعنی
دو مذہبون یا اکثر پر عمل کرنی سے ایسی صورت متحقق نہو کہ کسی
مذہب مین جائز نہو جیسی فصد کو ناقض وضوء جانی اور پھر اوسے
وضو سے امام کی پیچھے بغیر قراۃ فاتحہ کی نماز ادا کری کہ کسی مذہب مین نہوگی ٦٠
وضو بنا بر مذہب حنفی کی باطل ہوگا اور نماز بنا بر مذہب شافعی کی
اور اگر سوای تین وجہونکی اقتدای حنفی کو چھوڑ کر اقتدا شافعی کی کی
یا کسی اور کی تو مکروہ تحریمی ہی قریب بحرام اسواسطی کہ یہ لہو و لعب ہی
دین مین اور عبارت اونکی یہ ہی اگر حنفی المذہب بر مذہب شافعی عمل نماید
در بعض احکام یکی از سہ وجہ جایز است اول اینکہ دلائل کتاب و سنت
در نظر او در ان مسئلہ مذہب شافعی را ترجیح دہد دوم اینکہ در ضیقی
مبتلا شود کہ گذارہ بدون اتباع مذہب شافعی نماند سوم اینکہ شخصی باشد

صاحب تقوی را او را عمل باحتیاط نظر افتد و احتیاط در مذہب شافعی
باید لیکن درین ہر سہ وجہ شرط دیگر ہم ہست و این است کہ تلفیق واقع نہ شود
یعنی بسبب ترکیب صوری متحقق شود کہ در ہر دو مذہب روا نباشد
مانند آنکہ عضو را ناقص وضو نداند باز ہمان وضو نماز عقب امام بی قراۃ
فاتحہ بگزارد کہ در ہیچ مذہب روا نباشد و وضو بر مذہب حنفی باطل
گشت و نماز بر مذہب شافعی و اگر بسوای این وجوہ ثلثہ ترک اقتدای
حنفی نمودہ اقتدای شافعی نماید یا ہیچ کس مکروہ قریب بحرام است
زیرا کہ لعب است در دین انتہی مختصراً بقدر الحاجت اور وہ جو کہا کہ شاہ
ولی اللہ نے لکھا ہے حجۃ اللہ البالغہ کی صفحہ ۱۵۰ میں کہ لوگ چوتھی صدی تک
ایک مذہب خالص کی تقلید پر نہ تھے حال اوسکا یہ ہے کہ جناب شاہ صاحب رحمہ اللہ علیہ
صفحہ مذکور میں پہلی کلام ابو طالب مکی کا قوت القلوب سے لم یکن الناس
قدیما علی ذلک فی القرنین الاول والثانی تک نقل کرکے
فرماتے ہیں اقول وبعد المائتین حدث فیہم شئ من التخریج
غیر ان اہل المائۃ الرابعۃ لم یکونوا مجتمعین علی التقلید
الخالص علی مذہب واحد اور اپنی رسالہ انصاف
فی بیان سبب الاختلاف میں فرماتے ہیں اعلم ان الناس
کانوا فی المائۃ الاولی والثانیۃ غیر مجتمعین علی التقلید

لمذهب واحد بعينه وبعد المائتين ظهر فيهم
التمذهب للمجتهدين باعيانهم وقل من كان لا يعتمد
على مذهب مجتهد بعينه وكان هذا هو الواجب
فی ذلك الزمان انتهی مختصراً الی حجة الله البالغہ مین فرمایا
کہ اہل مائۃ رابعہ نہ تھی مجتمع اوپر تقلید خالص مذہب واحد کی اور اس
رسالہ مین کہا کہ مائۃ اولی اور ثانیہ مین لوگ مجتمع نہ تھی اوپر تقلید
ایک مذہب معین کی اور ان دونون کلامون مین تدافع ظاہر ہی مگر
تطبیق ممکن ہی بایطور کہ کہا جاوی عدم اجتماع اہل مائۃ اولی اور ثانیہ کا
اوپر تقلید ایک مذہب معین کی محمول ہی اوپر قلت اختیار تقلید مذہب معین اور
کثرت عدم تعیین کی بسبب قرب زمانہ صحابہ کی اور ہی بسبب عدم غلبہ تشتی
اور اتباع اہوا کی اور عدم اجتماع اہل مائۃ رابعہ کا اوپر تقلید خالص
ایک مذہب معین کی بالعکس یعنی محمول ہی اوپر قلت اور شذوذ عدم
اختیار تعیین اور کثرت اختیار تقلید مذہب معین کی جیسا کہ دلالت
کرتا ہی اسپر کلام شاہ صاحب کا وقل من کان لا یعتمد علی مذہب
مجتہد بعینہ تو اس کلام سی یہ کیونکر معلوم ہوا کہ اب اس
زمانہ مین تقلید مذہب واحد معین کی واجب نہین ہی بلکہ رسالہ مین
تو خود شاہ صاحب رح بتصریح کرتی ہین کہ بعد مائتین کی اونمین 62

اختیار کرنا مذہب واحد مجتہد معین کا ظاہر ہوا اور یہی واجب تھا
اوس زمانہ میں تو پھر اس زمانہ میں تو بدرجہ اولی تقلید ایک مذہب
واحد معین کی واجب ہو گی اسواسطی کہ یہ زمانہ تو فتنہ و فساد اور
غلبہ نفسی اور اتباع اہوا کا ہی وسیجیئی المزید علی ہذا انشاء اللہ تعالی اور عقد الجید
میں وہ عبارت جسکا ترجمہ سائل نی یہ کیا ہی کہ اگلی پچھلی علما کا معمول
رہا عمل کرنا اور فتوی دینا سب مذہبوں پر بدون التزام مذہب معین کی
اور چاروں مذہب کی مفتیوں کا اتفاق ہی اس امر پر انہی راقم الحروف نے
کہیں نہیں پایا البتہ اس کتاب میں چند جگہ پر عبارت ایسے واقع ہی جو
بظاہر موہم اس معنی کی ہیں اور واقع میں اونکی وہ معنی نہیں ہیں اول
تو باب تاکید الاخذ بہذہ المذاہب الاربعۃ میں قول ابن حزم کا
وقد صح اجماع الصحابۃ کلہم اولہم عن اخرہم
واجماع التابعین اولہم عن اخرہم واجماع تبع التابعین
اولہم عن اخرہم علی الامتناع والمنع من ان یقصد
احد الی قول انسان منہم او ممن قبلہ فیاخذہ کلہ الخ
دوسری اسی صفحہ میں قول شیخ عز الدین بن عبد السلام کا ولم یزل
الناس یسألون من اتفق من العلماء من غیر تقیید
بمذہب ولا انکار علی احد من السائلین الخ تیسری فصل تحر

اور عقد الجید میں
کا اگلی پچھلی علما کا معمول
رہا عمل کرنا اور فتوی
دینا سب مذہبوں پر
بدون التزام
مذہب معین کے
اور چاروں مذہب کے
مفتیوں کا اتفاق
بھی اس امر پر ۱۲

فی المذہب ہین وہو الذی انعقد علیہ الاتفاق من مفتی
المذاہب الاربعۃ من المتاخرین چوتھی باب وصایا الائمۃ
مین ثم نقل عن جماعۃ عظیمۃ من علماء المذہب انہم
کانوا یعلمون ویفتون بالمذاہب من غیر التزام
مذہب معین من زمن اصحاب المذاہب الی زمانہ
علی وجہ یقتضی کلامہ ان ذلک امر لم یزل العلماء
علیہ قدیما وحدیثا حتی صار بمنزلۃ المتفق علیہ انتہی
سوال کا حال یہی کہ رد کیا اوسکو جناب شاہ صاحب نی اس کتاب مین
اور بھی رسالہ انصاف مین اور حجۃ اللہ البالغہ مین کہ یہ کلام تمام غیر مین
ہی مگر حق مجتہد مین اور دوسری عبارت کا بھی علی ہذا القیاس یہی
حال ہی کہ وہ بھی محمول ہی حق مجتہد مین جیساکہ کہا شاہ صاحب نی بعد جواب
کلام ابن حزم کی وہذا ہو الذی اشار الیہ الشیخ عز الدین
بن عبد السلام اور اسیطرح تیسری عبارت بھی مجتہد کی شان مین ہی
یعنی متبحر فی المذہب کی جواز عمل بمخالف مذہبہ مین اسواسطی کہ اوپر اوسکی
اختلاف بیان کیا ہے پھر اتفاق نقل کیا ہے اور حاصل تقریر من عبارۃ
یہی اذا اراد ہذا المتبحر فی المذہب ان یعمل فی مسئلۃ
خلاف مذہب امامہ مقلدا فیہا لامام اخر

هل يجوز له ذلك اختلفوا فيه فمنعه الغزالي وشرذمة
وذهب الاكثرون الى جوازه وهو الذي انعقد عليه
الاتفاق من مفتي المذاهب الاربعة من المتاخرين اور جو یہی
عبارت کا حال یہ ہی کہ اولا تو یہ کلام شعرانی کا نہین دلالت
کرتا ہی اوپر اس بات کی کہ یہ حکم یعنی عمل کرنا اور فتوی دینا ساتھ
مذاہب کی بغیر التزام تعیین کی حق مقلدین صرف مین ہی بس محتمل ہی
کہ جس جماعت عظیمہ علمانی عمل کرنا اور فتوی دینا اوپر مذاہب مختلفہ کی
بغیر تعیین کی اختیار کیا تھا وہ مجتہد فی المذہب و فی بعض المسائل
ہون بلکہ ظاہر یہی ہی اسواسطی کہ شیخ شعرانی اپنی میزان مین اسکی
تصریح فرماتی ہین کہ جو شخص مرتبہ اجتہاد کو نہ پہنچا ہوا وسپر تقلید ایک
مذہب معین کی واجب ہی فان قلت فهل يجب على المحجوب
عن الاطلاع على العين الاولى للشريعة التقيد بمذهب
معين فالجواب نعم يجب عليه ذلك لئلا يضل في
نفسه ويضل غيره یعنی اگر کہی تو کیا واجب ہی اوس شخص پر
جو محجوب ہو اطلاع سی اوپر چشمہ اولی شریعت کی مقید ہونا ساتھ
مذہب معین کی تو جواب یہ ہی کہ ہان واجب ہی اوسپر مقید ہونا
ساتھ ایک مذہب معین کی تاکہ نہ گمراہ ہوجاوی خود اور گمراہ کردی

غیرہ نکو وقت مرسا بقا اور ثانیا یہ کہ اصطلاح فقہا اور اصولیین مین
مفتی حقیقۃ مجتہد ہوتا ہی اور جو عالم صرف ناقل فتوی کا ہی مفتی حقیقۃ نہین
جیسا کہ کہا علامہ ابن ہمام نی فتح القدیر مین واعلم ان ما ذکر
فی القاضی معتبر فی المفتی فلا یفتی الا المجتہد وقد
استقر رای الاصولیین علی ان المفتی ہو المجتہد واما غیر المجتہد ممن
یحفظ اقوال المجتہد فلیس بمفت فالواجب علیہ اذا
سئل ان یذکر قول المجتہد کابی حنیفۃ علی سبیل
الحکایۃ فعرف ان مایکون فی زماننا من فتوی
الموجودین لیس بفتوی بل ہو نقل کلام المفتی لیاخذ 66
بہ المستفتی یعنی جانو کہ جو مذکور ہوا بیچ حق قاضی کی معتبر ہی مفتی
مین پس فتوی نہ دیگا مگر مجتہد اور تحقیق ٹھہری ہی رای اصولیونکی
اوپر اس امر کی کہ مفتی مجتہد ہی ہی ایپر غیر مجتہد اور ہین سی جو حافظ ہے
اقوال مجتہدین کا پس وہ مفتی نہین تو واجب ہی اوپر اوسکی جس وقت
سوال کیا جاوی یہ کہ ذکر کری قول مجتہد جیسی ابوحنیفہ رح کا حکایت کے
طور پر پس معلوم ہوا کہ یہ جو ہماری زمانی مین فتوی علما موجودین کا ہوتا ہے
وہ فتوی نہین ہی بلکہ نقل کرنا ہی کلام مفتی کا تو کہ عمل کری اوسپر مستفتی
انتہی ترجمۃ پس وہ جماعت عظیمہ فتوی دینی والی ہونگی مگر مجتہد

اور ثالثاً یہ کہ یہ نقل شیخ شعرانی کی مخالف ہی نقول مقبولہ ثقات مجتہدین
اور اکثر علماء معتبرین کی معلوم نہین کہ علما کو انسی مذہب کی امر منقول
شعرانی نقل کرتی ہی تمام اصحاب امام ابوحنیفہ رح اور اتباع اونکی جو
مجتہد فی المذہب اور مجتہد فی المسائل ہین جیسی امام ابو یوسف اور امام
محمدؒ اور زفر اور حسن بن زیاد وغیرہ ہم تو قسمین شدید اور غلیظ کہاتی
ہین اسبات پر کہ ہم ہرگز فتویٰ خلاف قول امام ابوحنیفہ رح کی نہین دیتی
ہین اور جو قول ہمارا ظاہر مین قول امام سی مخالف ہو تو وہ حقیقت مین
قول ہی امام ابوحنیفہ ہی کا اور ہمکو اجازت ہی اونکی کہ جو قول میرا تمکو
پسند ہو وہ اختیار کر لو اور جو قول تمہاری فہم و درایت مین ناپسند ہو
اوسکو چھوڑ دو تو اسلیے کوئی قول ہمارا قول مختار امام کی خلاف ہوتا ہی
اور فی الحقیقت وہ اتباع ہی امام ہی کا چنانچہ فتاوی ولوالجیہ اور حاوی
قدسی وغیرہ مین یہ مضمون مصرح ہی اور علامہ شامی حاشیہ درمختار مین
فرماتی ہین قال فی الولوالجیۃ من کتاب الجنایات قال ابو یوسف
ما قلت قولا خالفت فیہ ابا حنیفۃ الا قولا قد کان
قالہ وروی عن زفر انہ قال ما خالفت ابا حنیفۃ
فی شئ الا قد قالہ ثم رجع عنہ فہذا اشارۃ الی انہم
ما سلکوا طریق الخلاف بل قالوا ما قالوا عن

